PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/CIR/FAS/04-2025/159 تاریخ: 22 اپریل 2025

محترم پیف اسکول مالکان/لائسینسیز ۔

عنوان: غیر حاضر/مائیگریٹ شدہ طلباء کا SIS سے بروقت اخراج

السلام علیکم!

یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ بعض پارٹنرز/لائسینسیز بچوں کو SIS سے بروقت خارج نہیں کرتے جو یا تو اسکول چھوڑ چکے ہیں، یا کسی دوسری جگہ مائیگریٹ ہو چکے ہیں۔ جس کے نتیجے میں یہ بچے کسی دوسرے سکول میں داخلہ نہیں لے سکتے۔ مزید یہ کہ یہ عمل جعلی انرولمنٹ کے زمرے میں آتا ہے۔ جیسا کہ داخلہ کی آخری تاریخ قریب ہے اور اس عمل میں تاخیر نہ صرف ڈیٹا کے معیار کو متاثر کر رہی ہے بلکہ ڈیٹا کی شفافیت پر بھی ایک سوالیہ نشان ہے۔

لہٰذا، تمام پارٹنرز/لائسینسیز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ایسے تمام طلباء جو اسکول چھوڑ چکے ہیں یا مائیگریٹ ہو چکے ہیں انہیں فوری طور پر SIS سے خارج کریں اور اپنے سکول کے ریکارڈ کو اپڈیٹ کریں۔ تمام پارٹنرز/لائسینسیز اس ہدایت نامے پر فوری اور سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ ڈیٹا کی درستگی اور شفافیت کو برقرار رکھا جا سکے۔ کسی قسم کی خلاف ورزی رپورٹ ہونے کی صورت میں سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

خیر اندیش

ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Quaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town Multan.
Ph: 061-6216399